58th Year

# سرینگر ٹائمز

بانی صوفی غلام محمد


## پراگ راجستھان رائلز کے نئے کپتان



انڈین پریمیئر لیگ ۲۰۲۶ کے آغاز سے قبل راجستھان رائلز نے ایک بڑے فیصلے کا اعلان کرتے ہوئے نوجوان آل راؤنڈر ریان پراگ کو ٹیم کا نیا کپتان مقرر کر دیا ہے۔ یہ تبدیلی سنجو سیمسن کے چنئی سپر کنگز میں چلے جانے کے بعد عمل میں آئی ہے، جو راجستھان رائلز کے لیے ایک نئے دور کا پیش خیمہ ثابت ہوگی۔ (تفصیلات اندر)

## ٹاپنگ اسٹرلنگ کی جگہ لیں گے



مینز ٹی ۲۰ ورلڈ کپ ۲۰۲۶ کی ایونٹ ٹیکنیکل کمیٹی نے جمعہ کے روز آئرلینڈ ٹیم میں پال اسٹرلنگ کی جگہ سیم ٹاپنگ کو شامل کرنے کی منظوری دے دی ہے۔۱۱ فروری کو آسٹریلیا کے خلاف آئرلینڈ کے میچ کے دوران فیلڈنگ کرتے وقت گھٹنے کے لگامنٹ میں چوٹ لگنے کی وجہ سے اسٹرلنگ کے باہر ہونے کے بعد ٹاپنگ کو متبادل کھلاڑی کے طور پر منتخب کیا گیا۔ (تفصیلات اندر)


جلد نمبر 58 | Saturday 14th February 2026 | ۱۴فروری ۲۰۲۶ بروز سنیچروار بمطابق ۲۵ شعبان ۱۴۴۷ | صفحات: 08 | R.N.I: 17647/69 • Vol: 58 • No. 45 | DAILY SRINAGAR TIMES | قیمت 5 روپے | www.srinagartimes.net



CKYC ID: One KEY for All Your KYC Needs

Unique 14-digit CKYC ID issued by CKYC Records Registry

Simple. Secure. Standardised.

Know your CKYC ID: Missed call: 7799022129 or Online: www.ckycindia.in

Online Reporting Portal: www.cybercrime.gov.in

DIPK-10925/25
Dated: 13/02/2026

Helpline No 1930

Department of Information & Public Relations, J&K

@informationprjk | Information & PR, J&K | @diprjk | @dipr_jk




# نئی دہلی میں وزیر اعظم نے ’’سیوا تیرتھ‘‘ دفتر کا افتتاح کیا

## ہندوستانی جمہوریت کے مرکز میں رکھنے کی سمت میں ایک تاریخی دن/ پوسٹ پر پیغام



سرینگر/ وزیر اعظم نریندر مودی کی جانب سے نئے دفتر میں منتقل ہونے پر خوشی اور مسرت کا اظہار کرتے ہوئے وزیر داخلہ امیت شاہ نے کہا کہ آج کا دن عوامی خدمت کو ہندوستانی جمہوریت کے مرکز میں رکھنے کی سمت میں ایک تاریخی دن ہے۔ سٹار نیوز نیٹ ورک کے مطابق وزیر داخلہ امیت شاہ نے نئے دفتر میں منتقل ہونے پر وزیر اعظم نریندر مودی کو مبارک باد پیش کی ہے ۔ انہوں نے ایکس پوسٹ میں لکھا ’’ آج کا دن عوامی خدمت کو ہندوستانی جمہوریت کے مرکز میں رکھنے کی سمت میں ایک تاریخی دن ہے، جب مودی جی نے نئے وزیر اعظم کے دفتر ’’سیوا تیرتھ‘‘ کا افتتاح کیا ہے‘‘۔امیت شاہ نے لکھا ’’ یہ سیوا یاترا حکومت کی قرارداد کی علامت ہے جو گزشتہ 11 سالوں سے مودی جی کی قیادت میں خدمت کے ساتھ چل رہی ہے‘‘۔ انہوں نے مزید کہا ’’ یہ سنگ میل ایک ترقی یافتہ اور خود کفیل ہندوستان کی تعمیر میں ثابت ہونے والا ہے، جس میں ہر ملک کے باشندوں کی ترقی اور عوامی بہبود کے کاموں/ 1





## وائٹ نائٹ کور کے JOC نے نوشہرہ سیکٹر کا کیا دورہ

جموں/ یو این آئی/فوج کی وائٹ نائٹ کور کے جنرل آفیسر کمانڈنگ (جی او سی) لیفٹیننٹ جنرل پی کے مشرا نے جموں و کشمیر کے ضلع راجوری میں نوشہرہ سیکٹر کا دورہ کر کے لائن آف کنٹرول (ایل او سی) پر موجودہ سیکورٹی صورتحال اور آپریشنل تیاریوں کا جائزہ لیا۔اس دوران فوجی افسر کو فوج کی اعلیٰ سطحی تیاری، سخت تربیتی نظام اور نگرانی اور جنگی صلاحیت کو مزید موثر بنانے کے لئے اپنائے گئے بہتر اقدامات سے آگاہ کیا گیا۔وائٹ نائٹ کور نے ’’ایکس‘‘ پر اپنے ایک پوسٹ میں کہا جی او سی وائٹ نائٹ کور نے نوشہرہ سیکٹر میں اگلے علاقوں کا دورہ کیا تا کہ لائن آف کنٹرول کے ساتھ موجودہ سیکورٹی صورتحال اور آپریشنل تیاری کا جامع جائزہ لیا جا سکے۔

## لال چوک اور آس پاس راہ گیروں کی جامہ تلاشی

### مارکیٹ علاقوں اور بس اسٹینڈ کے نزدیک فورسز کی اضافی نفری تعینات

سرینگر/ یو این آئی/ وادی کے قلب لال چوک اور اس کے گرد و نواح میں جمعرات کو سیکورٹی فورسز نے اچانک تلاشی مہم چھیڑ شروع کی، جس کے باعث پورے علاقے میں ایک غیر معمولی صورتحال دیکھی گئی۔ مارکیٹ علاقوں، اہم راستوں اور بس اسٹینڈ کے نزدیک فورسز کی اضافی نفری تعینات کی گئی جبکہ راہگیروں اور دکانداروں کے شناختی کارڈ باریک بینی سے چیک کیے گئے۔عینی شاہدین کے مطابق فورسز اہلکاروں نے ریذیڈنسی روڈ، امیر کدل کراسنگ اور ملحقہ لینوں میں ناکے قائم کیے، جہاں ہر گزرنے والے کی تلاشی اور مکمل جانچ پڑتال کی گئی۔ ذرائع نے بتایا کہ یہ کارروائی شہر میں کسی ممکنہ تخریبی منصوبے کو ناکام بنانے کے لیے کی گئی ہے۔انہوں نے کہا کہ شہر کے حساس مقامات پر اچانک ناکہ بندی اور سرچ آپریشن معمول کا حصہ ہے۔تاہم، تلاشی مہم کے دوران کوئی مشکوک شئے برآمد نہیں ہوئی، فورسز نے شہریوں سے اپیل کی کہ وہ تعاون جاری رکھیں تا کہ امن و قانون کی فضا برقرار رہ سکے۔

-----------------------------

## دوڈہ کے مضافاتی علاقے

### نوجوان کی نعش ریر برآمد

سرینگر/اے پی آئی نیوز کے مطابق دوڈہ کے مضافاتی علاقے برسوانہ تحصیل محلّہ کے علاقے میں اس وقت سنسنی دوڑ گئی جب تیس سالہ نوجوان بشیر احمد کی نعش پُراسرار طور پر پائی گئی اور مقامی لوگوں نے اس سلسلے میں پولیس کو آگاہ کیا۔ پولیس پارٹی جائے موقع پر پہنچ گئی نعش کو اپنی تحویل میں لے کر قانونی لوازمات پورے کئے اور میت ورثہ کو آخری رسومات کے سلسلے میں سونپ دی۔

## دودھ پتھری اور یوسمرگ کو کھولنے کا اختیار محکمہ سیاحت کے پاس نہیں سیکورٹی کے پاس ہے

### لیکن بحالی کے لیے اقدامات جاری ہیں اور مستقبل قریب میں مزید اقدامات متوقع ہیں/ سرکار

جموں/ یو این آئی/حکومت نے جمعہ کو اسمبلی میں دودھ پتھری اور یوسمرگ جیسے مقامات کی بندش کے بارے میں واضح کیا کہ ان مقامات کی دوبارہ کھولنے سے متعلق فیصلہ سیکیورٹی انتظامات سے جڑا ہوا ہے۔رکن اسمبلی بڈگام آغا منتظر کی جانب سے پوچھے گئے سوال کے جواب میں حکومت نے کہا حالیہ واقعات نے سیاحوں کے بہاؤ کو متاثر کیا ہے، جس سے ہزاروں افراد کا روزگار متاثر ہوا ہے جو براہ راست یا بلواسطہ سیاحت سے منسلک ہیں۔سرکاری جواب میں کہا گیا کہ سیاحتی صنعت کو سہارا دینے کے لیے مختلف ریلیف، معاوضے اور بحالی کے اقدامات پر بھی کام کیا جا رہا ہے۔دودھ پتھری اور یوسمرگ جیسے مقامات کی بندش کے بارے میں حکومت نے واضح کیا کہ ان مقامات کی دوبارہ کھولنے سے متعلق فیصلہ سیکیورٹی انتظامات سے جڑا ہوا ہے۔محکمہ سیاحت نے اس حوالے سے ڈپٹی کمشنر بڈگام کو خط نمبر TSM/TDA/51/2021 مورخہ 10 اکتوبر 2025 کے //////2

## کسانوں کو کریڈٹ کارڈ کے تحت قرضہ کی معافی کا منصوبہ نہیں

### قواعد کے مطابق مرکزی حکومت کو تجاویز ارسال کی جاسکتی ہیں/حکومت

جموں/ یو این آئی/ جموں و کشمیر حکومت نے واضح کیا ہے کہ حالیہ سیلاب اور قومی شاہراہ کی بار بار بندش کے سبب زرعی اور باغبانی شعبے کو پہنچے نقصان کے باوجود کسان کریڈٹ کارڈ (کے سی سی) قرضوں کی معافی کا فی الحال کوئی منصوبہ زیر غور نہیں ہے۔اسمبلی میں پوچھے گئے ایک سوال کے جواب میں محکمہ زرعی پیداوار، جموں و کشمیر نے تحریری طور پر بتایا کہ حکومت کے پاس اس وقت کسانوں کے لیے کے سی سی قرض معاف کرنے کی کوئی تجویز نہیں ہے۔محکمہ نے وضاحت کی کہ کے سی سی کوئی ریاستی اسکیم نہیں ہے بلکہ یہ حکومتِ ہند کی ایک مالیاتی اسکیم ہے، جس میں حکومت نے کسانوں کے لیے نرم شرائط کے تحت ’سافٹ لون‘ کا انتظام کیا ہے، تا کہ انہیں کم شرح سود پر قرضہ مل سکے۔سرکاری جواب میں کہا گیا کہ حکومت ہند نے پورے ملک کے کسانوں کے فائدے کے لیے کے سی سی پر کم شرح سود کے ساتھ رعایتی/5

## جموں میں سرکاری زمین پر کشمیریوں کے قبضہ کے الزام پر اسمبلی میں ہنگامہ

### سکینہ ایتو نے تمام دعووں کو مسترد کرتے ہوئے کہا کہ تجاوزات کے مسئلے کو علاقائی رنگ نہ دیا جائے

سرینگر/ یو پی آئی/ جموں و کشمیر اسمبلی میں جمعہ کے روز شدید ہنگامہ آرائی دیکھنے کو ملی جب بی جے پی کے رکنِ اسمبلی وکرم رندھاوا نے الزام عائد کیا کہ وادی کشمیر سے تعلق رکھنے والے افراد جموں شہر میں سرکاری اراضی پر قبضہ کر رہے ہیں۔ سوالات کے وقفے کے دوران رندھاوا کی جانب سے اٹھائے گئے سوال کا جواب دیتے ہوئے وزیرِ سماجی بہبود سکینہ اِتو نے ایوان کو بتایا کہ دستیاب ریکارڈ کے مطابق تحصیل بہو میں 688 کنال اور 17 مرلہ جبکہ تحصیل جموں ساؤتھ میں 579 کنال زمین غیر قانونی طور پر قبضے میں ہے۔وزیر نے بتایا کہ یہ پرانے قبضے ہیں جنہیں پبلک پریمیس ایکٹ اور دیگر متعلقہ قوانین کے تحت ہٹایا جا رہا ہے۔اُن کے مطابق جنوری 2025 سے اب تک تحصیل بہو اور جموں ساؤتھ میں 34 انسدادِ تجاوزات کارروائیاں انجام دی گئی ہیں جن کے دوران جموں ڈیولپمنٹ اتھارٹی کی 140 کنال اور 11 مرلہ اراضی بازیاب کی گئی ہے۔رندھاوا نے الزام لگایا کہ وادی سے تعلق رکھنے والے افراد نے جے ڈی اے اور سرکاری/ 4

## 6 دکانیں، 5 گودام، ایک ٹین شیڈ اور ایک پلنتھ

### پلوامہ میں ایک مبینہ منشیات فروش کی ضبط شدہ جائیداد میں شامل

سرینگر/ یو این آئی/ منشیات اسمگلنگ کے خلاف ایک بڑی کارروائی میں کولگام پولیس نے ایک مبینہ منشیات فروش کی تقریباً ڈیڑھ کروڑ روپے مالیت کی غیر منقولہ جائیداد کو این ڈی پی ایس ایکٹ کے تحت ضبط کر دیا۔ایک پولیس ترجمان نے بتایا کہ کولگام پولیس نے قاضی گس ڈ کے منی گام گاؤں میں ایک مبینہ بدنام زمانہ منشیات فروش کی تقریباً 1.5 کروڑ روپے مالیت کی غیر منقولہ جائیداد کو این ڈی پی ایس ایکٹ کے تحت ضبط کر دیا۔انہوں نے کہا کہ ضبط شدہ جائیداد میں منی گام میں واقع 6 دکانیں، 5 گودام، ایک ٹین شیڈ اور ایک پلنتھ شامل ہے جو کہ بدنام زمانہ منشیات فروش محمد اشرف کھانڈے ولد غلام احمد کھانڈے ساکن نیو پورہ قاضی گنڈ کی ملکیت ہے۔ان کا کہنا ہے کہ یہ کارروائی این ڈی پی ایس ایکٹ کی دفعہ 68-ایف کے تحت قانونی تقاضے مکمل کرنے کے بعد عمل میں لائی گئی۔ پولیس ترجمان نے بتایا کہ مذکورہ جائیداد کو منشیات کی غیر قانونی اسمگلنگ کے ذریعے حاصل شدہ آمدنی ثابت کیا گیا اور ملزم کو براہ راست/ 3

## بنگلہ دیش کے انتخابات میں طارق رحمان کی جیت پر مودی کی مبارک باد

### ترقیاتی اہداف آگے بڑھانے کیلئے آپ کے ساتھ کام کرنے کا منتظر ہوں

سرینگر/ ایس این این/ بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی (بی این پی) کے رہنما طارق رحمان کو بنگلہ دیش کے پارلیمانی انتخابات میں فیصلہ کن جیت پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا کہ وہ مشترکہ ترقیاتی اہداف کو آگے بڑھانے کیلئے ان کے ساتھ مل کر کام کرنے کے منتظر ہیں۔ سٹار نیوز نیٹ ورک کے مطابق وزیر اعظم نریندر مودی نے ایکس پر ایک پوسٹ میں کہا ’’میں طارق رحمٰن کو بنگلہ دیش میں پارلیمانی انتخابات میں فیصلہ کن جیت پر بی این پی کی قیادت کرنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں‘‘۔ وزیر اعظم مودی نے کہا کہ رحمان کی جیت نے بنگلہ دیش کے عوام کا ان کی قیادت پر اعتماد ظاہر کیا۔مودی نے کہا ’’ہندوستان ایک جمہوری، ترقی پسند اور جامع بنگلہ دیش کی حمایت میں کھڑا رہے گا۔ میں اپنے کثیر جہتی تعلقات کو مضبوط بنانے اور ہمارے مشترکہ ترقیاتی اہداف کو آگے بڑھانے کیلئے آپ کے ساتھ کام کرنے کا منتظر ہوں‘‘۔ بی این پینے جمعہ کو بنگلہ دیش میں عبوری انتظامیہ کی جگہ لینے کے لیے عام انتخابات میں فتح کا دعویٰ کیا، جس نے اگست 2024 میں عوامی لیگ کی حکومت کے خاتمے کے بعد چارج سنبھالا تھا۔

## اچھن، جمع شدہ کچرے کی وجہ سے صحت اور ماحولیات دونوں کے لیے تشویش کا باعث

### تحصیلداروں کو نئے مقام کی تلاش کے لیے ہدایات دی گئی ہیں تا کہ مستقبل میں متبادل جگہ کی نشاندہی ممکن ہو سکے

جموں/ یو این آئی/ سرینگر شہر کے اچھن ڈمپنگ سائٹ کے بارے میں بڑھتی ہوئی ماحولیاتی آلودگی اور مقامی آبادی کی جانب سے مستقل شکایات کے پس منظر میں حکومت نے اعتراف کیا ہے کہ یہ علاقہ کئی دہائیوں سے جمع شدہ کچرے کی وجہ سے صحت اور ماحولیات دونوں کے لیے تشویش کا باعث بن چکا ہے۔ سرکاری طور پر تسلیم کیا گیا ہے کہ ماضی میں بننے والا ’لیگیسی ویسٹ‘ بدبو، آلودہ پانی، اور فضائی آلودگی جیسے مسائل پیدا کر رہا ہے، جس سے مقامی آبادی سخت مشکلات کا شکار ہے۔محکمہ نے بتایا کہ اچھن سائٹ 1976 میں سری نگر میونسپل کارپوریشن کے باقاعدہ نوٹیفائیڈ لینڈ فِل کے طور پر قائم کی گئی تھی اور اس کو فوری بند کرنا تکنیکی اور قانونی اعتبار سے ممکن نہیں، کیونکہ شہر کے لیے کہیں بھی ایسا کوئی متبادل مقام فوری طور پر دستیاب نہیں ہے جہاں نئے ٹھوس کچرے کو منتقل کیا جا سکے۔انہوں نے بتایا کہ شکایات اور عوامی مطالبات کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت نے اچھن لینڈ فِل کو جدید طریقوں کے تحت مرحلہ وار بند کرنے اور اس کی سائنسی بحالی کا منصوبہ شروع کیا ہے۔اس سلسلے میں ایس ایم سی نے لیگیسی ویسٹ کی بایو مائننگ اور بایو ریمیڈیشن کا عمل شروع کر رکھا ہے، جس کے ذریعے تقریباً 11 لاکھ میٹرک ٹن پرانے کچرے کو سائنسی بنیادوں پر صاف کیا جا رہا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ لیچیٹ ٹریٹمنٹ پلانٹ کی فعال نگرانی، بدبو کم کرنے کے اقدامات، ماحولیات کی مسلسل مانیٹرنگ اور گرین بفر زون کی تیاری جیسے اقدامات بھی عمل میں لائے جا رہے ہیں۔اسمبلی کو مزید بتایا گیا کہ شہر میں کسی نئے لینڈ فِل کے قیام کے لیے فی الحال مناسب سرکاری زمین دستیاب نہیں ہے۔/ 6

## سابق وزیر چورک قمر علی آخون طویل علالت کے بعد چل بسے



سرینگر/ سٹار نیوز نیٹ ورک کے مطابق نیشنل کانفرنس کے سنیئر لیڈر اور سابق وزیر قمر علی آخون طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے ۔سینئر لیڈر کے انتقال کی اطلاع نیشنل کانفرنس کے قانون ساز تنویر صادق نے قانون ساز اسمبلی کو دی۔اعلان کے فوراً بعد ایوان کے اراکین نے ان کے انتقال پر گہرے دکھ کا اظہار کیا اور ان کی/ 7

## جموں کشمیر میں سال 2025ء میں 10 ہزار سے زائد کینسر کے معاملات

### گزشتہ تین سالوں کے دوران SKIMS صورہ 16000 معاملات کے ساتھ سرفہرست



سرینگر/ ایس این این/ جموں کشمیر میں کینسر کے بڑھتے معاملات کے بیچ جموں کشمیر حکومت نے انکشاف کیا ہے کہ سال 2025 میں اسپتالوں میں 10 ہزار سے زائد نئے معاملات درج کئے گئے ہیں جبکہ گزشتہ تین سالوں کے دوران سکمز صورہ 16 ہزار معاملات کے ساتھ سرفہرست رہا۔ سٹار نیوز نیٹ ورک کے مطابق جموں و کشمیر حکومت نے جمعہ کو کہا کہ سال 2025 میں سکمز صورہ، گورنمنٹ میڈیکل کالج سرینگر اور جموں میں کینسر کے تقریباً 10,000 کیس درج ہوئے ہیں۔انہوں نے کہا کہ صرف سکمز صورہ نے گزشتہ تین سالوں میں 16000 سے زیادہ معاملات ریکارڈ کیے ہیں، جو کینسر کی دیکھ بھال اور تشخیصی خدمات کو بہتر بنانے پر خطے کی توجہ کو ظاہر کرتے ہیں۔ممبر قانون ساز احسن پردیسی کے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے محکمہ صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے کہا کہ پچھلے تین سالوں میں صرف سکمز صورہ میں تقریباً 16,000 کیس رجسٹر کیے گئے ہیں۔انہوں نے کہا ’’جی ایم سی جموں میں ریاستی کینسر انسٹی ٹیوٹ کو 4 فروری 2023 سے مرحلہ وار طور پر کام کیا جا رہا ہے۔سکمز صورہ میں 100 بستروں پر مشتمل ریاستی کینسر انسٹی ٹیوٹ کینسر، ذیابیطس، دل کی بیماریوں کی روک تھام اور کنٹرول کے قومی پروگرام کے تحت مرکزی فنڈنگ سے قائم کیا گیا تھا، اور ایک روپیہ کی امدادی رقم کے ساتھ ایس سی ڈی سی ایس اے کی امداد دی گئی تھی ۔120 کروڑ خصوصی طور پر انفراسٹرکچر کے لیے اگرچہ انسٹی ٹیوٹ کو 5 دسمبر 2020 کو شروع کیا گیا تھا، لیکن انفراسٹرکچر کی ترقی ابھی بھی جاری ہے‘‘۔

## سال گذشتہ گلے سڑے گوشت کی بُو کے پھیلنے کا معاملہ اسمبلی میں زیر بحث

### جموں و کشمیر میں باسی اور غیر محفوظ گوشت کے واقعات کی پوری تفصیل اسمبلی میں پیش

جموں/ یو این آئی/حکومت نے جمعہ کو اسمبلی میں انکشاف کیا ہے کہ مالی سال 2025-26 کے دوران جموں و کشمیر میں باسی اور غیر محفوظ گوشت و گوشت مصنوعات کی فروخت کے متعدد واقعات سامنے آئے، جن کے خلاف محکمہ خوراک کی تحفظ کی جانب سے بڑے پیمانے پر کارروائیاں عمل میں لائی گئیں۔سرکار کے مطابق یہ واقعات معمول کی نگرانی مہمات کے دوران سامنے آئے جس کے بعد تمام اضلاع میں خصوصی انفورسمنٹ ڈرائیوز چلائی گئیں۔حکومت کے مطابق دسمبر 2025 تک مجموعی طور پر 12 ہزار 183 اعشاریہ 5 کلوگرام باسی اور غیر محفوظ گوشت ضبط کر کے تلف کیا گیا جس کی مالیت تقریباً 29 لاکھ 19 ہزار 60 روپے بنتی ہے۔اس دوران 1676 معائنہ جات انجام دیے گئے اور 144 نمونے حاصل کیے گئے ۔ لیبارٹری رپورٹ کے مطابق 17 نمونے غیر محفوظ جبکہ ایک نمونہ غیر معیاری قرار دیا گیا۔ضلع سری نگر اور کولگام میں سب سے زیادہ مقدار ضبط کی گئی جبکہ کپوارہ، گاندربل اور اننت ناگ اضلاع میں بھی نمایاں کارروائیاں کی گئیں۔ جموں صوبے میں بھی کارروائی کے دوران 7 ہزار 665 کلوگرام پنیر ضبط کیا گیا جس کی مالیت 16 لاکھ 32 ہزار 150 روپے بتائی گئی ہے۔ضبط شدہ اشیاء  کے نمونے تجزیے کے لیے جموں و کشمیر کی فوڈ لیبارٹریز کے علاوہ نیشنل فوڈ لیبارٹری، ایف آئی سی سی اور نیشنل میٹ ریسرچ کو بھی بھیجے گئے۔حکومت نے واضح کیا کہ کارروائیاں فوڈ سیفٹی اینڈ سٹنڈرڈ ایکٹ 2006 کے تحت کی جاتی ہیں، جس میں معائنہ، نمونہ برداری، عدالتی کارروائی اور جرمانے شامل ہیں۔اس قانون میں عمومی طور ایف آئی آر درج کرنے یا گرفتاری کی گنجائش نہیں ہوتی، اسی لیے بیشتر معاملات میں گرفتاریاں عمل میں نہیں لائی گئیں۔محکمہ کے پاس جموں اور سری نگر میں جدید فوڈ ٹیسٹنگ لیبارٹریاں اور 12 موبائل فوڈ ٹیسٹنگ یونٹس موجود/ 8

# سرینگر ٹائمز

14فروری 2026،بروز سنیچروار

## جموں وکشمیر میں کینسر کے مرض میں اضافہ کیوں؟اور علاج کتنا میسر

انسانی صحت زندگی بھرایک ہی درجہ پرنہیں رہتی ہے۔اُتار چڑھاؤ تو زندگی کے سفر کے پڑاؤ ہی تو ہیں ۔عمرجب بڑھتی ہے تو بیماریوں کے حاوی ہونے کے اندیشے بھی پیدا ہوتے ہیں اگر سو سال کی عمر تک بھی انسان بستر علالت پر دراز نہ پایا جائے ،تب بھی عمردراز کسی نہ کسی مقام پر جواب دیتی ہے۔مرنا تو سب کو ہے۔لیکن اگرزندگی کی آخری سانس تک ایک انسان کسی ایسی بیماری کا نشانہ نہ بنے کہ جو اس کیلئے زبردست تکلیف کا باعث بن جائے تو عمر کے آخری حصے میں زبردست پریشانیوں میں گزر جاتے ہیں۔غالب نے کہا ہے کہ

موت کا ایک دن معین ہے
نیند کیوں رات بھرنہیں آتی

سننے اور سنانے میں یہ دو مصرعے آسان محسوس ہوتے ہیں مگران میں جو معنی پوشیدہ ہیں اور فلسفہ جھلکتا ہے اس کے پیش نظرواقعی یہ سوال بالکل برمحل ہے کہ نیند رات بھر کیوں نہیں آتی جولوگ گہری نیند سو جاتے ہیں وہ عموماً بیماریوں کے تصورات سے دور ہوتے ہیں مگر جب نیند ہی نہ آئے تو انسان اپنے نرم وگداز بستر پر بھی کروٹوں پر کروٹیں لے کر بے چین ہوتا ہے،اسے کسی مرض میں مبتلا ہونے کا ڈرستاتا ہے۔یہ احساس بجائے خودکسی اور بیماری کی دستک دیتا ہے اور یوں انسان اپنی اس بیقراری پر قابو پانے کیلئے خود کو کسی ماہر حکیم یا ڈاکٹر کے حوالہ کرتا ہے۔

بلاشک بیماری کو آگے بڑھنے سے روکنے کیلئے ہی علاج ومعالجہ کی ضرورت پڑتی ہے ۔بیماریاں ہر طرح کی ہوتی ہیں ۔دورِ حاضر میں مختلف بیماریوں کا علاج کرنے کیلئے مختلف معالج بھی ہوتے ہیں ۔بیماری خطرناک ہو یا "فرحت " بخش بیماری تو بہرحال بیماری ہوتی ہے ۔وقت پر اس کو ختم کرنے کیلئے میڈیکل سائنس نے علاج کے جدید ترین تجربے کئے ہیں اور کامیابی کے پرچم گاڑے ہیں دورِ جدید میں کینسر اب عام بیماری بن گئی ہے۔پہلے پہل اگر اس بیماری کا نام سنتے تو لرزہ طاری ہوتا مگر اب اس بیماری نے اپنے ہاتھ پاؤں اتنے پھیلائے ہیں کہ عام بیماری کے طور تصور کی جانے لگی ہے۔مگر اس بات سے انکار نہیں کیا جاسکتا ہے کہ کینسر مہلک بیماری ہے اور اسکا علاج کرانے کیلئے عذاب کے مراحل سے گزرنا پڑتا ہے اور پیسہ بھی خرچ کرنا ہوتا ہے۔تازہ ترین رپورٹ کے مطابق پچھلے دوبرسوں میں10ہزار سے زیادہ کینسر کیسز پائے گئے ہیں۔

وزیر صحت سکینہ ایتو نے کہا کہ مریضوں کے بڑھتے ہوئے بوجھ سے نمٹنے اور انتظار کے اوقات کو کم کرنے کے لیے حکومت تشخیصی خدمات کو فعال طور پر بڑھا رہی ہے۔اس کا ثبوت سکمز صورہ میں PET سکینوں میں خاطر خواہ اضافہ سے ہوتا ہے، جو کہ سال 2024 میں 1,410 سے بڑھ کر 2025 میں 2,250 ہو گیا ہے۔ سکمز صورہ جموں وکشمیر میں اعلی درجے کی نگہداشت کے مرکز کے طور پر، اعلی درجے کی کینسر کی تشخیص اور سرجری کیلئے ریفرل اداروں کی ایک بڑی تعداد کا انتظام جاری رکھے ہوئے ہے۔کینسر کی دیکھ بھال کو مزید بڑھانے کیلئے ایک اہم پیشرفت محکمہ صحت اور طبی تعلیم کی طرف سے میڈیکل کالج سرینگر کیلئے JKMSCL کے ذریعے 16 کروڑ روپے کی تخمینہ لاگت سے ایک نئی PET سکین مشین کی خریداری کے لیے حالیہ انتظامی منظوری ہے۔

حکومت کی طرف سے جاری کردہ یہ اعداد وشمار واقعی تشویشناک ہیں اور یہ سب اطمینان بخش بات ہے کہ سرکار کینسر میں مبتلا مریضوں کو خصوصی مشینیں میسر ہیں اور اکثر دستیاب ہیں لیکن سوال یہ ہے کہ سرکار کے ان خوش کن اعلانات یا دعوؤں کے باوجود مریضوں کو شکایات کرنے کا موقع کیوں ملتا ہے ۔اس کا مطلب یہ ہے کہ عمل درآمد میں کمی ہے۔مشینیں کام نہیں کررہی ہوں گی اور ڈاکٹروں کی کمی کے ساتھ ساتھ کچھ ڈاکٹروں کی طرف سے عدم توجہی بھی ذمہ دار ہوگی۔

## انسانی قدموں میں تندرستی کا راز

سید تحلیل شفیع

جدید دور کی مصروف اور بیٹھے بیٹھے گزرنے والی زندگی نے انسانی صحت کو کئی طرح کے خطرات سے دوچار کر دیا ہے۔گھنٹوں دفتر کی کرسی پر بیٹھنا، موبائل اور کمپیوٹر کا مسلسل استعمال، اور جسمانی سرگرمی کی کمی ایسی عادتیں ہیں جو آہستہ آہستہ مختلف بیماریوں کو دعوت دیتی ہیں۔ایسے حالات میں اگر کوئی سادہ، کم خرچ اور ہر عمر کے افراد کے لیے موزوں ورزش موجود ہے تو وہ تیز قدمی یعنی برسک واک ہے۔ یہ نہ صرف جسمانی صحت کو بہتر بناتی ہے بلکہ ذہنی سکون اور جذباتی توازن کے لیے بھی بے حد مفید ہے۔



برسک واک عام چہل قدمی سے مختلف ہوتی ہے۔ اس میں رفتار معمول سے زیادہ ہوتی ہے، اس قدر کہ سانس قدرے تیز ہو جائے مگر گفتگو ممکن رہے۔ ماہرین صحت کے مطابق اگر کوئی شخص روزانہ کم از کم تیس منٹ تک تیز قدمی کرے تو وہ کئی سنگین امراض سے محفوظ رہ سکتا ہے۔ یہ ورزش دل، پھیپھڑوں اور پٹھوں کو مضبوط بنانے میں مددگار ثابت ہوتی ہے اور جسم میں خون کی روانی کو بہتر کرتی ہے۔

دل کے امراض آج دنیا بھر میں اموات کی ایک بڑی وجہ بن چکے ہیں۔ تیز قدمی دل کی دھڑکن کو متوازن کرتی ہے، خون میں کولیسٹرول کی سطح کو بہتر بناتی ہے اور بلڈ پریشر کو قابو میں رکھنے میں مدد دیتی ہے۔ جب انسان باقاعدگی سے تیز قدمی کرتا ہے تو اس کے دل کی کارکردگی بہتر ہوتی ہے اور دل کی شریانوں میں رکاوٹ کے امکانات کم ہو جاتے ہیں۔اس کے ساتھ ساتھ شوگر کے مریضوں کے لیے بھی یہ ایک بہترین سرگرمی ہے کیونکہ یہ خون میں شکر کی مقدار کو قابو میں رکھنے میں معاون ہوتی ہے۔

موٹاپا ایک ایسا مسئلہ ہے جو دیگر بیماریوں کی جڑ سمجھا جاتا ہے۔ غیر متوازن غذا اور جسمانی سرگرمی کی کمی وزن میں اضافے کا سبب بنتی ہے۔ برسک واک کیلوریز جلانے کا ایک مؤثر ذریعہ ہے۔ اگر اسے متوازن غذا کے ساتھ شامل کر لیا جائے تو وزن کم کرنے کا عمل آسان ہو جاتا ہے۔ تیز قدمی کے دوران جسم کی اضافی چربی بتدریج کم ہوتی ہے اور جسم متناسب شکل اختیار کرنے لگتا ہے۔

صرف جسمانی نہیں بلکہ ذہنی صحت کے لیے بھی تیز قدمی بے حد مفید ہے۔ روزمرہ کی پریشانیاں، ذہنی دباؤ اور بے چینی انسان کو اندر سے کمزور کر دیتے ہیں۔ تحقیق سے ثابت ہوا ہے کہ تیز قدمی کے دوران جسم میں ایسے کیمیائی مادے خارج ہوتے ہیں جو خوشی اور سکون کا احساس پیدا کرتے ہیں۔ اسے بعض اوقات قدرتی اینٹی ڈپریسنٹ بھی کہا جاتا ہے۔ جو افراد باقاعدگی سے تیز قدمی کرتے ہیں، ان میں ذہنی دباؤ اور ڈپریشن کی علامات نسبتاً کم دیکھی گئی ہیں۔

صبح کے وقت تازہ ہوا میں کی جانے والی تیز قدمی کا اثر اور بھی زیادہ ہوتا ہے۔ فجر کے بعد یا سورج نکلنے سے پہلے کا وقت پرسکون اور آلودگی سے نسبتاً پاک ہوتا ہے۔ ایسے ماحول میں چہل قدمی انسان کو توانائی بخشتی ہے اور پورے دن کے لیے مثبت سوچ فراہم کرتی ہے۔ تاہم اگر صبح کا وقت میسر نہ ہو تو شام کے وقت بھی تیز قدمی کی جا سکتی ہے، بشرطیکہ باقاعدگی قائم رکھی جائے۔ تیز قدمی کرتے وقت چند احتیاطی تدابیر اختیار کرنا ضروری ہے۔ سب سے پہلے آرام دہ جوتوں کا انتخاب کیا جائے تاکہ پاؤں پر غیر ضروری دباؤ نہ پڑے۔ ابتدا میں رفتار آہستہ رکھی جائے اور پھر بتدریج بڑھائی جائے تاکہ جسم اچانک دباؤ کا شکار نہ ہو۔ واک سے پہلے ہلکی اسٹریچنگ اور بعد میں ٹھنڈا ہونے کے لیے چند منٹ آہستہ چلنا مفید ثابت ہوتا ہے۔ پانی کی مناسب مقدار پینا بھی ضروری ہے تاکہ جسم میں پانی کی کمی نہ ہو۔

بزرگ افراد کے لیے بھی تیز قدمی ایک محفوظ ورزش سمجھی جاتی ہے، بشرطیکہ وہ اپنی صحت کی حالت کو مدنظر رکھیں۔ اگر کسی کو دل یا جوڑوں کا شدید مسئلہ ہو تو ڈاکٹر کے مشورے سے رفتار اور دورانیہ طے کرنا چاہیے۔ خواتین، خصوصاً گھریلو ذمہ داریوں میں مصروف خواتین، اگر روزانہ کچھ وقت نکال کر تیز قدمی کو معمول بنا لیں تو نہ صرف ان کی صحت بہتر ہوگی بلکہ وہ خود کو زیادہ پرجوش اور متحرک محسوس کریں گی۔

بچوں اور نوجوانوں کے لیے بھی یہ عادت فائدہ مند ہے۔ اسکرین ٹائم میں اضافے نے نئی نسل کو جسمانی سرگرمی سے دور کر دیا ہے۔ اگر والدین خود تیز قدمی کریں اور بچوں کو ساتھ شامل کریں تو یہ ایک صحت مند خاندانی سرگرمی بن سکتی ہے۔ اس سے نہ صرف جسمانی صحت بہتر ہوگی بلکہ خاندانی تعلقات بھی مضبوط ہوں گے۔

تیز قدمی کو دلچسپ بنانے کے لیے مختلف طریقے اپنائے جا سکتے ہیں۔ کسی دوست کے ساتھ چلنا، ہلکی موسیقی سننا یا قدرتی مناظر سے لطف اندوز ہونا اس عمل کو خوشگوار بنا دیتا ہے۔ کچھ لوگ اپنے قدم گننے کے لیے موبائل ایپس یا اسمارٹ واچ استعمال کرتے ہیں، جس سے انہیں اپنی کارکردگی کا اندازہ ہوتا رہتا ہے اور وہ خود کو مزید بہتر کرنے کی ترغیب پاتے ہیں۔

یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ صحت مند زندگی کے لیے مستقل مزاجی سب سے اہم عنصر ہے۔ اگر کوئی شخص چند دن واک کرے اور پھر چھوڑ دے تو خاطر خواہ نتائج حاصل نہیں ہوتے۔ بہتر یہی ہے کہ روزانہ کم از کم تیس منٹ تیز قدمی کو اپنی زندگی کا حصہ بنایا جائے۔ اگر وقت کی کمی ہو تو اسے دو حصوں میں تقسیم کیا جا سکتا ہے، مثلاً پندرہ منٹ صبح اور پندرہ منٹ شام۔

ماہرین کے مطابق ہفتے میں کم از کم پانچ دن تیز قدمی کرنا دل اور دماغ کی صحت کے لیے بہترین ہے۔ اس کے علاوہ یہ ہڈیوں کو مضبوط بنانے، جوڑوں کی حرکت کو بہتر رکھنے اور پٹھوں میں لچک پیدا کرنے میں مدد دیتی ہے۔ عمر بڑھنے کے ساتھ ساتھ جوڑوں کا درد اور اکڑن عام ہو جاتی ہے، مگر باقاعدہ واک سے اس مسئلے میں کمی آ سکتی ہے۔

آخر میں یہ کہنا بجا ہوگا کہ تیز قدمی ایک سادہ مگر طاقتور عادت ہے جو انسان کی زندگی بدل سکتی ہے۔ نہ اس کے لیے مہنگے آلات کی ضرورت ہے اور نہ ہی کسی خاص جگہ کی۔ صرف ارادہ، باقاعدگی اور تھوڑا سا وقت درکار ہے۔ اگر ہم اپنی مصروف زندگی میں سے روزانہ چند لمحے اپنی صحت کے لیے نکال لیں تو نہ صرف بیماریوں سے بچ سکتے ہیں بلکہ ایک متحرک، پرسکون اور خوشگوار زندگی گزار سکتے ہیں۔ تیز قدمی دراصل خود سے محبت کا ایک عملی اظہار ہے، جو ہمیں بہتر کل کی طرف لے جاتا ہے۔

## بچوں میں ناخن چبانے کی عادت، کتنی دلچسپ کتنی خطرناک

انور علی

بچوں میں ناخن چبانے کی عادت ایک عام مگر تشویشناک مسئلہ ہے جسے اکثر والدین ابتدا میں معمولی سمجھ کر نظر انداز کر دیتے ہیں۔ بظاہر یہ ایک سادہ سی حرکت معلوم ہوتی ہے، لیکن اگر یہ عادت مستقل صورت اختیار کر لے تو بچے کی جسمانی صحت، ذہنی کیفیت اور سماجی اعتماد پر منفی اثرات مرتب کر سکتی ہے۔



ماہرینِ نفسیات اس عادت کو عموماً ذہنی دباؤ، بے چینی یا عدمِ توجہ کا اظہار قرار دیتے ہیں۔ طبی اصطلاح میں ناخن چبانے کی اس کیفیت کو Onychophagia کہا جاتا ہے، جو بچوں کے ساتھ ساتھ بعض اوقات بڑوں میں بھی پائی جاتی ہے۔

بچوں میں یہ عادت عموماً چار سے چھ سال کی عمر میں شروع ہوتی ہے، جب بچہ اپنے اردگرد کے ماحول کو سمجھنے اور جذبات کا اظہار کرنے کے نئے طریقے تلاش کر رہا ہوتا ہے۔ بعض اوقات اسکول کا دباؤ، گھر کا تناؤ، والدین کی سختی یا توجہ کی کمی بچے کو اس عادت کی طرف مائل کر دیتی ہے۔ بچہ جب خود کو غیر محفوظ، اکیلا یا پریشان محسوس کرتا ہے تو ناخن چبانا اس کے لیے ایک عارضی تسکین کا ذریعہ بن جاتا ہے۔ یہ عمل وقتی طور پر ذہنی دباؤ کو کم کرتا ہے، لیکن آہستہ آہستہ ایک لاشعوری عادت میں بدل جاتا ہے۔

> **بچوں میں یہ عادت عموماً چار سے چھ سال کی عمر میں شروع ہوتی ہے، جب بچہ اپنے اردگرد کے ماحول کو سمجھنے اور جذبات کا اظہار کرنے کے نئے طریقے تلاش کر رہا ہوتا ہے۔**

جسمانی اعتبار سے دیکھا جائے تو ناخن چبانا صحت کے لیے نقصان دہ ہے۔ ہمارے ہاتھ دن بھر مختلف اشیاء ‌ کو چھوتے ہیں، جن پر جراثیم موجود ہوتے ہیں۔ جب بچہ ناخن منہ میں ڈالتا ہے تو یہ جراثیم براہِ راست جسم میں داخل ہو سکتے ہیں، جس سے معدے کی خرابی، پیٹ کے کیڑے اور دیگر انفیکشن پیدا ہونے کا خدشہ بڑھ جاتا ہے۔ مزید یہ کہ ناخنوں کے اردگرد کی جلد زخمی ہو سکتی ہے، جس سے سوجن اور درد پیدا ہوتا ہے۔ بعض صورتوں میں دانتوں کی ساخت بھی متاثر ہو سکتی ہے، خاص طور پر اگر بچہ شدت سے ناخن چباتا ہو۔

نفسیاتی پہلو اس مسئلے کا سب سے اہم رخ ہے۔ بہت سے بچوں میں یہ عادت اضطراب یا بے چینی کی علامت ہوتی ہے۔ جب بچہ امتحان کے دباؤ، نئے ماحول یا خاندانی مسائل کا سامنا کرتا ہے تو وہ لاشعوری طور پر ناخن چبانے لگتا ہے۔ بعض اوقات یہ عادت احساسِ کمتری یا خود اعتمادی کی کمی کی طرف بھی اشارہ کرتی ہے۔ اگر والدین اس رویے کو صرف بدتمیزی یا ضد سمجھ کر ڈانٹ ڈپٹ کریں تو مسئلہ مزید بڑھ سکتا ہے، کیونکہ بچہ پہلے ہی ذہنی دباؤ میں ہوتا ہے۔

معاشرتی اعتبار سے بھی یہ عادت بچے کی شخصیت پر اثر انداز ہو سکتی ہے۔ اسکول یا محفل میں دوسرے بچے اس کا مذاق اڑا سکتے ہیں، جس سے اس کی خود اعتمادی مزید مجروح ہوتی ہے۔ بعض بچے اس وجہ سے ہاتھ چھپانے لگتے ہیں یا لوگوں کے سامنے بات کرنے سے گھبراتے ہیں۔ یوں ایک چھوٹی سی عادت رفتہ رفتہ بچے کی سماجی نشوونما میں رکاوٹ بن سکتی ہے۔

والدین کا کردار اس مسئلے کے حل میں کلیدی اہمیت رکھتا ہے۔ سب سے پہلے تو یہ سمجھنا ضروری ہے کہ ناخن چبانا محض ایک ضد یا بدعادت نہیں بلکہ کسی اندرونی کیفیت کا اظہار ہو سکتا ہے۔ بچے کو ڈانٹنے یا شرمندہ کرنے کے بجائے اس سے پیار اور نرمی سے بات کی جائے۔ اس کی روزمرہ زندگی کا جائزہ لیا جائے کہ کہیں وہ کسی دباؤ یا خوف کا شکار تو نہیں۔ اگر گھر کا ماحول پرسکون اور محبت بھرا ہو تو بچہ خود کو محفوظ محسوس کرے گا اور یہ عادت کم ہونے لگے گی۔

بچے کی توجہ کسی مثبت سرگرمی کی طرف مبذول کرانا بھی مفید ثابت ہوتا ہے۔ کھیل کود، ڈرائنگ، کہانیاں پڑھنا یا تخلیقی سرگرمیاں بچے کے ذہن کو مصروف رکھتی ہیں، جس سے ناخن چبانے کا رجحان کم ہو سکتا ہے۔ بعض والدین بچوں کے ناخن باقاعدگی سے تراشتے رہتے ہیں تاکہ وہ انہیں چبا نہ سکیں۔ کچھ صورتوں میں تلخ نیل پالش بھی استعمال کی جاتی ہے، لیکن یہ طریقہ احتیاط سے اپنانا چاہیے تاکہ بچہ مزید ضد میں مبتلا نہ ہو جائے۔

ماہرین اطفال اور ماہرین نفسیات کا مشورہ ہے کہ اگر یہ عادت شدت اختیار کر جائے یا بچہ خود کو زخمی کرنے لگے تو پیشہ ورانہ مدد حاصل کرنا ضروری ہے۔ مشاورت یا تھراپی کے ذریعے بچے کی ذہنی کیفیت کو سمجھا جا سکتا ہے اور مناسب رہنمائی فراہم کی جا سکتی ہے۔ اکثر اوقات سادہ سی رہنمائی اور والدین کی توجہ ہی اس مسئلے کے حل کے لیے کافی ہوتی ہے۔

یہ بھی ضروری ہے کہ والدین خود اپنی عادات پر نظر رکھیں، کیونکہ بچے عموماً بڑوں کی نقل کرتے ہیں۔ اگر گھر میں کوئی بڑا ناخن چباتا ہو تو بچہ بھی اسے معمول سمجھ کر اپناتا ہے۔ اس لیے مثال قائم کرنا سب سے مؤثر تربیتی طریقہ ہے۔

تعلیمی اداروں کو بھی چاہیے کہ وہ بچوں کے رویوں کو سنجیدگی سے لیں اور اگر کسی بچے میں یہ عادت نظر آئے تو والدین کو آگاہ کریں۔ اساتذہ نرم رویہ اختیار کریں اور بچے کو کلاس میں اعتماد دینے کی کوشش کریں۔ ایک مثبت اور حوصلہ افزا ماحول بچے کی نفسیاتی صحت کے لیے نہایت اہم ہے۔

بچوں میں ناخن چبانے کی عادت اگرچہ عام ہے، مگر اسے معمولی سمجھ کر نظر انداز کرنا دانشمندی نہیں۔ یہ ایک اشارہ ہو سکتا ہے کہ بچہ کسی اندرونی کشمکش یا دباؤ سے گزر رہا ہے۔ والدین کی محبت، توجہ اور سمجھداری اس مسئلے کے حل کی کنجی ہے۔ اگر بروقت رہنمائی فراہم کی جائے تو بچہ نہ صرف اس عادت سے نجات پا سکتا ہے بلکہ ایک پراعتماد اور صحت مند شخصیت کے طور پر پروان چڑھ سکتا ہے۔ بچوں کی چھوٹی چھوٹی عادات دراصل ان کے اندرونی جذبات کی آئینہ دار ہوتی ہیں، اور ایک باشعور والدین وہی ہے جو ان اشاروں کو سمجھ کر اپنے بچے کی رہنمائی کرے۔

# خبرونظر

## جموں وکشمیر میں کسٹوڈین اراضی ایک لاکھ 44 ہزار 932 کنال 6 مرلہ 3 ہزار 982 کنال 15 مرلہ پر ابھی بھی غیر قانونی قبضہ برقرار/سرکار

اے پی آئی//کسٹوڈین اراضی کو چھوڑانے کیلئے سنجیدگی کے ساتھ اقدامات اٹھانے کا عندیہ دیتے ہوئے سرکار نے اس بات کا اعتراف کیا کہ .3ہزار 982 کنال اراضی پر ابھی بھی غیر قانونی قبضہ برقرار ہے۔اے پی آئی نیوز کے مطابق نیشنل کانفرنس کے سینئر لیڈر اور دیوسر حلقے کے ممبر اسمبلی عبدالمجید بٹ عرف لارمی کی جانب سے پوچھے گئے سوال کے جواب میں سرکار نے اس بات کا انکشاف کیا کہ جموں وکشمیر میں ابھی بھی 3ہزار 982 کنال 15 مرلہ کسٹوڈین اراضی پر غیر قانونی قبضہ ہنوز برقرار ہے۔تفصیلات فراہم کرتے ہوئے حکومت نے کہا کہ کل کسٹوڈین اراضی 1لاکھ 44ہزار 932 کنال 6مرلہ صوبہ کشمیر میں ہے جس میں 55ہزار 960 کنال 15مرلہ 25سکیرفٹ صوبہ کشمیر میں جبکہ 3ہزار 982 کنال 15مرلہ 97سکیرفٹ اراضی پر ابھی بھی غیر قانونی قبضہ ہے ۔حکومت کے مطابق اراضی چھڑانے کیلئے 2006ایکٹ کے تحت اقدامات اٹھائے جارہے ہیں ۔کشمیر صوبہ میں پچھلے کئی برسوں سے 2441 کنال 15مرلہ 97سکیرفٹ اراضی سے غیر قانونی قبضہ چھڑا لیا گیا ہے جبکہ ابھی بھی غیر قانونی قبضے میں ہے جسے چھڑانے کیلئے اقدامات اٹھائے جارہے ہیں۔

## علی محمد ساگر کا قمر علی اخون کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار

یو پی آئی جموں وکشمیر نیشنل کانفرنس کے جنرل سیکریٹری علی محمد ساگر نے جمعے کے روز سابق وزیر اور پارٹی کے سینئر رہنما قمر علی اخون کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے اسے پارٹی اور کرگل۔لداخ کے عوام کے لیے ایک ناقابل تلافی نقصان قرار دیا۔اپنے تعزیتی پیغام میں انہوں نے کہا کہ قمر علی اخون ایک قد آور سیاسی رہنما تھے جنہوں نے اپنی پوری زندگی عوامی خدمت کے لیے وقف کر رکھی تھی، خصوصاً کرگل اور لداخ کے دور دراز علاقوں کے لوگوں کے مسائل کو اجاگر کرنے میں انہوں نے نمایاں کردار ادا کیا۔ساگر نے کہا کہ مرحوم کی سادگی، ایمانداری، دیانتداری اور عوام دوست طرزِ سیاست ہمیشہ یاد رکھی جائے گی۔مرحوم کے ساتھ اپنی تین دہائیوں پر مشتمل رفاقت کو یاد کرتے ہوئے ساگر نے بتایا کہ محکمہ تعمیرات عامہ میں وزیر مملکت کی حیثیت سے قمر علی اخون نے غیر معمولی انتظامی صلاحیتوں کا مظاہرہ کیا اور ہمیشہ انصاف، ترقی اور پسماندہ طبقات کے حقوق کے لیے آواز اٹھائی۔انہوں نے کہا کہ انفراسٹرکچر، تعلیم ،فلاحی اقدامات اور دور دراز علاقوں کی ضروریات کو پورا کرنے میں مرحوم کا کردار انتہائی قابلِ تحسین تھا۔ساگر نے افسوس ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ قمر علی اخون کے انتقال سے جو خلا پیدا ہوا ہے اسے پر کرنا ممکن نہیں، کیونکہ کرگل اور لداخ کے عوام نے ایک ایسے سچے نمائندے کو کھو دیا ہے جو ان کے دکھ درد اور مسائل کو دل سے سمجھتا تھا اور ان کے حل کے لیے ہمیشہ کوشاں رہتا تھا۔انہوں نے نیشنل کانفرنس کی پوری قیادت اور کارکنوں کی جانب سے سوگوار خاندان کے ساتھ تعزیت کا اظہار کیا اور مرحوم کے ایصالِ ثواب کے لیے دعا کی، ساتھ ہی لواحقین کے لیے صبر وحوصلے کی دعا بھی کی۔

## سابق رکن اسمبلی اور سابق وزیر جنگلات پیرزادہ غلام احمد شاہ کا جموں میں انتقال

یو پی آئی/ قاضی گنڈ کے سابق وزیر جنگلات اور سابق رکن اسمبلی پیرزادہ غلام احمد شاہ جمعے کی دوپہر جموں میں طویل بیماری کے بعد انتقال کر گئے۔ وہ کچھ عرصے سے علاج کے زیرِ عمل تھے اور آخرکار جموں میں دنیا سے رخصت ہو گئے۔ پیرزادہ غلام احمد شاہ قاضی گنڈ حلقہ کے معروف سیاسی رہنما تھے اور عوامی خدمات، سماجی اور سیاسی امور میں نمایاں کردار کے لیے جانے جاتے تھے۔ رکن اسمبلی کے طور پر انہوں نے اپنی انتخابی نشست میں مختلف ترقیاتی منصوبوں اور عوامی فلاح و بہبود کے مسائل پر کام کیا۔ وزیر جنگلات کی حیثیت سے انہوں نے جنگلات کے تحفظ، ماحولیاتی حفاظت اور محکمہ میں انتظامی اصلاحات کے حوالے سے اہم اقدامات کیے۔ مرحوم، قاضی گنڈ سے موجودہ رکن اسمبلی پیرزادہ فیروز احمد شاہ کے چچا بھی تھے۔ ان کے انتقال کی خبر حلقہ انتخاب اور ملحقہ علاقوں میں پھیل گئی، جس پر سیاسی رہنماؤں، پارٹی کارکنوں اور مقامی باشندوں نے گہرے رنج وغم کا اظہار کیا اور سوگوار خاندان کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کیا۔

## جی ڈی سی بشناہ کی تعمیر زمین مالکان سے تنازعہ کی وجہ سے رُکی ہوئی ہے/حکومت

